رجسٹرڈ نمبر : ایم۔302

ایل۔7646

دی گزٹ آف پاکستان

غیر معمولی

مطبوعہ ازا تھارٹی

اسلام آباد، بروز بدھ،، 26۔اکتوبر 2016

حصہ اول

ایکٹس، آرڈیننسز ،صدارتی احکامات اورضوابط

سینیٹ سیکریٹریٹ

اسلام آباد،24۔اکتوبر2016

نمبرایف9(23) 2016 ۔مقنّنہ (Legislature) :۔مجلس شوریٰ (پارلیمنٹ) کا درج ذیل ایکٹ 18۔اکتوبر 2016 کوصدر مملکت کی منظوری کے بعد برائے اطلاع عام بذریعہ ہذا شائع کیا جاتا ہے۔

2016 کا ایکٹ نمبرXLV

خصوصی اقتصادی زون ایکٹ میں مزید ترمیم کے لیے ایک ایکٹ

ہرگاہ کہ بعد میں مذکورہ مقاصد کے لیےخصوصی اقتصادی زون ایکٹ، 2012 (XXof2012) میں مزید ترمیم کرنا قرین مصلحت ہے:

اسے بذریعہ ہذا درج ذیل کے مطابق وضع کیا جاتا ہے۔

1۔ __مختصر عنوان اور نفاذ__ :۔ یہ ایکٹ خصوصی اقتصادی زون (ترمیمی) ایکٹ 2016 کے نام سے موسوم ہوگا۔

(2) یہ فی الفورنافذ العمل ہوگا۔

2۔ __XXبابت2016 کی دفعہ 3 میں ترمیم__:۔ اس خصوصی اقتصادی زونز ایک، (XX 2016 بابت2016) جسے بعدازاں مذکورہ ایکٹ کہا جائے گا، کی دفعہ 3 (n) میں درج ذیل تبدیلی کی جائے گی۔یعنی:۔

"(n)" "خصوصی اقتصادی زون" یا(ایس ای زیڈ"(SEZ)" سے مراد ہے۔جغرافیائی طور پر صراحت کردہ اور متعین علاقہ جو بی او اے کی جانب سے منظور اور نوٹیفائی کیا گیا ہو۔

3۔ **ایکٹ XX بابت 2012 کی دفعہ 15 میں ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ

(i) ذیلی دفعہ (2) ،میں درج ذیل تبدیلی عمل میں آئے گی،یعنی:۔

(2) خصوصی اقتصادی زون (ترمیمی) آرڈیننس،2015(XVII بابت 2015) کے نفاذ کے بعد صرف وہ نئے ادارے اور نئی صنعتیں ہی اس ایکٹ کے تحت خصوصی اقتصادی زون(SEZ) انٹر پرائز فوائد سے مستفید ہو سکیں گے جو خصوصی اقتصادی زون (SEZ) کے قیام کے بعد قائم ہوئے ہوں"اور

(ii) ذیلی دفعات(3)اور(4) حذف ہو جائیں گی۔

4 - **ایکٹ XX بابت 2012 کی دفعہ 16 میں ترمیم :۔** مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 16 میں۔

(i) ذیلی دفعہ (i) حذف ہو جائے گی؛ اور

(ii) ذیلی دفعہ (2)اور ذیلی دفعہ کو(3) بالترتیب ذیلی دفعہ (i)اور ذیلی دفعہ (2) کا نمبر دیا جائے گا۔

5۔ **ایکٹ XX بابت 2012 کی دفعہ 33 کا احذاف:** ۔ مذکورہ ایکٹ میں،دفعہ 36 میں:۔

6۔ **ایکٹ XX بابت 2012 ،دفعہ 36 میں ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں دفعہ 36 میں: ۔

(i) شق(a) درج ذیل سے بدل جائے گی،یعنی:۔

(a) سرمایہ کاری بورڈ(BOI) سے توثیق کے تابع ،اس زون میں انٹر پرائز میں تنصیب کے لیے خصوصی اقتصادی زون(SEZ) میں درآمد کیے جانے والے پلانٹ اور سٹیشنری، ماسوائے ان آئٹمز کے جو پاکستان کسٹمز ٹیرف کے باب 87 میں مذکور ہیں۔کسٹم محاصل اور ٹیکسوں سے ایک بار استثناء حاصل ہو گا۔

(ii) شق(6) کے آغاز میں وقوع پذیر لفظ"استثناء(Exemption) کو لفظ" استثناء" (exemption) سے اور لفظ"دس" کو لفظ"پانچ "سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

7۔ **ایکٹ XX بابت 2012 کی دفعہ 37 میں ترمیم: ۔مذکورہ ایکٹ میں،دفعہ 37 میں:۔**

(i) شق(a) درج ذیل سے بدل جائے گی،یعنی

(a) سرمایہ کاری بورڈBOI سے توثیق کے تابع اس زون میں انٹر پرائز کی تنصیب کے لیے،ماسوائے ان آئٹمز کے جو پاکستان کسٹمز

ٹیرف کے باب 87 میں مذکور ہیں، خصوصی اقتصادی زون (SEZ) میں درآمد کیے جانے والے پلانٹ اور مشینری کو کسٹم محاصل اور ٹیکسوں سے، ایک بار استثناء حاصل ہوگا۔ "اور

(ii) شق (b) درج ذیل سے بدل جائے گی، یعنی:۔

(b) تیس جون 2020 تک خصوصی اقتصادی زونز (SEZs) میں تجارتی پیداوار شروع کرنے والی انٹرپرائز کو اگلے دس سال کے لیے آمدنی کے تمام ٹیکسوں سے استثناء حاصل ہوگا:

بہ امر گنجائش کہ مذکورہ بالا تاریخ کے بعد تجارتی پیداوار شروع کرنے والی زون انٹرپرائزز اور فرموں کو اگلے پانچ سال کے لیے آمدنی کے تمام ٹیکسوں سے استثناء حاصل ہوگا۔

سید مسرت عباس

قائم مقام سیکریٹری

Disclaimer: This urdu translation has been carried out by National Language Promotion Department (NLPD), However, please consult the english version being the legal document and promulgated by the upper and lower house of the parliament.